2025-02-13

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی، امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ باہمی بات چیت کے لیے واشنگٹن DC پہنچ گئے ہیں۔ بھارت امریکہ جامع عالمی اسٹرٹیجک شراکت داری ایجنڈے میں سر فہرست ہے۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین میں جاری جنگ پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے روس اور یوکرین کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

3- انکم ٹیکس بل 2025 آج لوک سبھا میں متعارف کیا جائے گا۔

4- آج ریڈیو کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

5- اور: قومی کھیلوں میں اترپردیش کے، سچن یادو نے مردوں کے نیزہ پھینکنے میں دس سالہ ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

گجرات کے Kosambia نے ایروبک جمناسٹک میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

New PM US Visit

فرانس کے کامیاب دورے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی، دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے حصے میں آج الصبح واشنگٹن DC پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم مودی کے ہوائی اڈّے پہنچنے پر امریکہ میں بھارت کے سفیر وِنے موہن کواترا اور دیگر افسران نے اُن کا خیر مقدم کیا۔ سخت سردی کے باوجود بھارتی برادری کے اراکین، بلیئر ہاؤس کے باہر وزیر اعظم کا استقبال کرنے کے لیے جمع ہوئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، اُن چننده عالمی رہنماؤں میں سے ایک ہوں گے، جو امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے عہدہ سنبھالنے کے بعد امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں۔

S/B Modi Chanting

واشنگٹن DC پہنچنے کے بعد سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کرنے اور بھارت-امریکہ جامع عالمی اسٹریٹیجِک شراکت داری تشکیل دینے کے منتظر ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ بھارت اور امریکہ اپنے عوام کی بہتری اور کرہئ ارض کے بہتر مستقبل کے لیے قریبی تال میل کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔ وزیر اعظم مودی نے آج صبح نیشنل انٹیلی جنس کی امریکی ڈائریکٹر تُلسی گبارڈ سے ملاقات کی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Anupam

اس سے پہلے وزیر اعظم مودی نے پیرس میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں سے دوطرفہ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-فرانس اسٹریٹیجِک شراکت داری کو مستحکم کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع، شہری، نیوکلیائی اور خلاء جیسے اہم شعبوں میں تعاون کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے سال 2026 کو بھارت-فرانس اختراعی سال کے طور پر منائے جانے پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے ٹیکنالوجی کے فروغ، اختراع اور سرمایہ کاری تعلقات پر تبادلہئ خیال کیا۔ وزیر اعظم مودی نے اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے سلسلے کے

بعد فرانس کے صدر کے ساتھ کل تاریخی فرانسیسی شہر Marseille کا دورہ کیا تھا۔ اس سے پہلے جناب مودی نے فرانسیسی صدر کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایکشن سمِٹ کی مشترکہ صدارت کی تھی۔×

Trump Russia Ukrain

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انھوں نے یوکرین میں جاری جنگ پر روسی صدر ولادی میر پُتن اور یوکرین کے صدر وولودی میر زیلنسکی کے ساتھ فون پر بات چیت کی ہے۔

کل سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا تھا کہ انھوں نے اور صدر پُتن نے اپنی متعلقہ ٹیموں کو فوری طور پر مذاکرات شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ صدر زیلینسکی سے رابطہ کرکے انھیں اپنی بات چیت سے آگاہ کریں گے۔

یوکرین کے صدر کے دفترنے تصدیق کی ہے کہ جناب ٹرمپ اور صدر زیلینسکی نے فون پر تقریباً ایک گھنٹے بات چیت کی۔

اِس دوران کرملین نے کہا ہے کہ صدر پتن اور صدر ٹرمپ نے بالمشافہ ملاقات سے اتفاق کیا ہے اور روس کے صدر پُتن نے جناب ٹرمپ کو ماسکو کے دورے کی دعوت دی ہے۔x

Tulsi Gabbard DNI

تُلسی گبارڈ کو ٹرمپ انتظامیہ کے تحت امریکہ کی نئی قومی انٹیلی جنس ڈائریکٹر، DNI کے طور پر منظوری مل گئی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے منتخب کردہ گبارڈ کو کل سینیٹ سے منظوری مل گئی۔ محترمہ گبارڈ، امریکہ کی مختلف سراغ رساں ایجنسیوں کے درمیان تال میل پیدا کرنے اور اُن کی نگرانی کا کام کریں گی۔ سینیٹ نے سابق ڈیموکریٹک نمائندہ گبارڈ کو 48 کے مقابلے 52 ووٹوں سے ملک کی قومی انٹیلی جنس ڈائریکٹر مقرر کرنے کو منظوری دی۔×

LS Income Tax Bill

انکم ٹیکس بل 2025 آج لوک سبھا میں متعارف کیے جانے کا پروگرام ہے۔ انکم ٹیکس سے متعلق قوانین کو مستحکم کرنے اور اِس میں ترمیمات کے مقصد سے پیش کیا جانے والا یہ بل، ایوان کی کارروائی میں شامل کیا گیا ہے۔ اپنی بجٹ تقریر میں وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے ایک نیا انکم ٹیکس بل لانے کا اعلان کیا تھا۔ انھوں نے یہ بھی اعلان کیا تھا کہ سالانہ 12 لاکھ روپے کی آمدنی والے لوگوں کو کوئی انکم ٹیکس ادا نہیں کرنا ہوگا۔

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی رپورٹ آج لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں پیش کیے جانے کا بھی پروگرام ہے۔ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پہلے حصے کا آج آخری دن ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

World Radio Day

آج ریڈیو کا عالمی دن ہے۔ ہر سال 13 فروری کو ریڈیو کا عالمی دن منایا جاتا ہے تاکہ لوگوں میں ریڈیو کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کی جا سکے اور ریڈیو کے ذریعے معلومات تک رسائی کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ یہ دن ریڈیو کی منفرد طاقت کو یاد کرنے کا بھی موقع ہے، جو زندگیوں کے قریب ہے اور دنیا کے ہر کونے سے لوگوں کو جوڑتا ہے۔

اِس سال ریڈیو کے عالمی دن کا موضوع ہے: ”ریڈیو اور ماحولیاتی تبدیلی“ ریڈیو کے عالمی دن کے موقع پر یونیسکو کی ڈائریکٹر جنرل Audrey Azoulay نے اپنے پیغام میں کہا کہ ریڈیو کا عالمی دن اِس پائیدار، متنوع اور وسیع پیمانے پر قابل رسائی، مواصلاتی ذریعے کا جشن منانے کا موقع ہے۔

ریڈیو کے عالمی دن پر پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے اپنے پیغام میں کہا کہ خبروں اور معلومات کے پھیلاؤ کے ذریعے ریڈیو، قومی ثقافتی اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بہوجن ہِتائے اور بہوجن سُکھائے کے نعرے کے ساتھ آکاشوانی، جو دنیا کا سب سے بڑا ریڈیو نیٹ ورک ہے، ملک کے عوام تک پہنچ رہا ہے۔

SB- Chairman Prasar Bharti

سامعین کو نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکیوٹیو افسر گورو دِویدی نے کہا کہ ایک طرف آکاشوانی بھارت کی بھرپور ثقافت اور روایات کا حامل رہا ہے جبکہ دوسری جانب اِس نے پورے ملک کے لوگوں کو سائنسی ترقی کے سفر سے جوڑا ہے۔ انھوں نے کہا کہ روزمرہ کی زندگی کا شاید ہی ایسا کوئی پہلو ہے جو آکاشوانی سے متاثر نہ ہوا ہو۔

S/B- Prasar Bharti CEO

ریڈیو کے عالمی دن کے موقع پر اپنی نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڈ نے کہا کہ تقریباً دو دہائیوں سے آکاشوانی، سامعین تک معلومات، تعلیم اور تفریحی پروگرام پہنچا رہا ہے۔

SB- DD  Akashwani

DOT Report

ٹیلی مواصلات کے محکمے نے آفات سے نمٹنے کے لیے لچکدار ٹیلی مواصلات کی ایکو نظام تشکیل دینے کے لیے حکومت، صنعت اور آفات سے نمٹنے کی ایجنسیوں کی جانب سے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کل نئی دلّی میں Disaster Risk and Resilience Assessment Framework, DRRAF کی جامع رپورٹ کے اجراء کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ٹیلی مواصلات کے سیکریٹری ڈاکٹر نیرج مِتّل نے کہا کہ ٹیلی مواصلات کا لچکدار ڈھانچہ تشکیل دینا قومی ترجیح ہے۔×

TRAI Regulations

بھارت میں ٹیلی مواصلات سے متعلق انضباطی اتھارٹی، TRAI نے غیر مطلوب تجارتی رابطوں سے صارفین کو مزید تحفظ فراہم کرنے کی خاطر سال 2018 کے ٹیلی کام کمرشیل کمیونیکیشن کسٹمر پری فرنس ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔ کل جاری کیے گئے ایک بیان میں ٹیلی مواصلات کی وزارت نے بتایا کہ نظرثانی شدہ ضابطوں کا مقصد صارفین کے لیے زیادہ شفاف تجارتی رابطوں کا ایکو نظام تشکیل دینا ہے۔ شراکت داروں کی جانب سے موصول ردِّ عمل اور جامع داخلی مشاورت سے کی گئی اِن ترمیمات کے ذریعے صارفین کے حقوق کو تقویت دینے اور ٹیلی مواصلات وسائل کا غلط استعمال روکنے پر توجہ مرکوز رہے گی۔×

PM Surya Ghar

پردھان منتری سوریا گھر بجلی یوجنا کے تحت مفت بجلی کے ساتھ گھروں کو بااختیار بنانے کا آج ایک سال مکمل ہو رہا ہے، جس میں چھتوں پر شمسی پینلس نصب کرنے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ اِس سال 27 جنوری تک چھتوں پر شمسی پینلس نصب کیے جانے کے ذریعے آٹھ لاکھ 40 ہزار سے زیادہ کنبے اِس سے مستفید ہوئے ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C Priya

13 فروری 2024کو شروع ہوئی یہ پہل بھارت کو ایک زیادہ پائیدار مستقبل کی سمت آگے بڑھا رہی ہے اور ملک بھر کے کنبوں کو صاف شفاف قابلِ تجدید توانائی فراہم کر رہی ہے۔ یہ اسکیم 40 فیصد تک سبسڈی کی پیشکش کرتی ہے، تاکہ قابلِ تجدید توانائی کو کفایتی اور قابلِ رسائی بنایا جا سکے۔ اب تک تقریباً چار ہزار 300 کروڑ روپے، مرکزی مالیاتی امداد کے طور پر پانچ لاکھ 54 ہزار رہائشی صارفین کو تقسیم کیے جا چکے ہیں، جس کے تحت ہر گھر کو اوسطاً 77 ہزار روپے سے زیادہ کی سبسڈی مل رہی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اندازے کے مطابق

45 فیصد مستفیدین کو بجلی کا کوئی بل ادا نہیں کرنا پڑ رہا ہے، جو کہ سمشی توانائی کی اُن کی پیداوار اور استعمال کے طریقے پر منحصر ہے۔

یہ قدم مارچ 2027 تک ایک کروڈ گھرانوں کو شمسی توانائی کی فراہمی کے جرأت مندانہ وِژن کے ساتھ بھارت کی توانائی کے منظرنامے کو نئی شکل دے رہا ہے۔

پلوی پرمار اور پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

Vaishnaw Railway Mahkumbh

اب خبریں مہا کمبھ سے

Montage

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ریلوے بورڈ کے سی ای او اور چیئرمین ستیش کمار کے ساتھ نئی دلّی کے ریل بھون میں War Room سے پریاگ راج ریلوے اسٹیشنوں پر بھیڑ بھاڑ کو کنٹرول کرنے سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف نے افسران کو یہ ہدایت دی کہ وہ عقیدت مندوں کے لیے ہر سمت سے ٹرینوں کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پریاگ راج ڈیویژن کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ سفر کے دوران مسافروں کے آرام کو یقینی بناتے ہوئے سفر میں آسانی کی ضرورت کے تحت اضافی ٹرین چلائے۔

پریاگ راج مہا کمبھ میں عقیدتمندوں کے آسان سفر کو یقینی بنانے کے لیے ای-رکشا اور آٹو رکشا سمیت شٹل بسوں کی سہولت بھی دستیاب رہیں گی تاکہ وہ بغیر کسی پریشانی کے سنگم تک پہنچ سکیں۔ یہ فیصلہ پولیس افسروں اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ پولیس کمشنر کی میٹنگ کے دوران کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Adarsh

مہا کمبھ میں نئے ٹریفک انتظامات کے ساتھ عقیدتمندوں کے لیے سنگم پہنچنے کے لیے اور زیادہ آسان متبادل دستیاب ہوں گے اور لوگوں کو طویل فاصلوں تک پیدل نہیں چلنا پڑے گا۔

پریاگ راج کے ضلع مجسٹریٹ Ravindra Madand نے کہا کہ یہ فیصلہ ان عقیدتمندوں کو توجہ میں رکھ کر لیا گیا ہے جنھیں اس سے پہلے پارکنگ کے مقام تک بہت زیادہ پیدل چلنا پڑتا تھا۔ یہ گاڑیاں عقیدتمندوں کو GT Jawaharتک آسان نقل و حمل فراہم کریں گے۔CBSE اور ICSE کے جمعہ سے شروع ہو رہے بورڈ امتحانات کے سلسلے میں جناب مادنڈ نے کہا کہ طلبا کی سہولت کے لیے ٹریفک نظام کی خاص نگرانی کی جائے گی۔

انھوں نے طلبا سے اپیل کی کہ وہ امتحان مراکز پر پہنچنے کے وقت سے پہلے گھروں سے نکلیں اور ٹریفک سے بچنے کے لیے اپنے نجی ٹو ویلرس کا استعمال کریں۔

ابھیشیک کپل اور آدرش رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

MIS Top Crops

حکومت نے مارکیٹ انٹروینشن اسکیم MIS کے نقل و حمل کے جزو کے نفاذ کو منظوری دے دی ہے۔ ایسا خاص طور پر مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور دیگر بڑی پیداواری ریاستوں میں ٹماٹروں کی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

زراعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس اسکیم کے تحت ٹماٹر، پیاز اور آلو کی فصلوں کے ذخیرہ کرنے اور نقل و حمل میں آنے والی فصلوں کی لاگت، پیدوار والی ریاستوں سے دیگر صارف ریاستوں تک ادائیگی، مرکزی نوڈل ایجنسیوں کو کی جائے گی، جس میں نیشنل کوآپریٹیو کنزیومر فیڈریشن، نیشنل ایگریکلچرل کوآپریٹیو مارکیٹنگ فیڈریشن، انڈیا شامل ہیں-x

Uttarkhand National Games

اتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں اترپردیش کے سچن یادو نے، مردوں کے جیویلین تھرو مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے 84 اعشاریہ تین نو میٹر کی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 10 سالہ ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

وہیں Kosambia نے ایروبِک جمناسٹک مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے گروپ ایروبِک جمناسٹک زمرے میں چاندی کا اور Trio جمناسٹک مقابلے میں، کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

Kosambia، حال ہی میں، گجرات اِنکم ٹیکس محکمے کی جانب سے کھیلوں کے کوٹے سے تقرر کی پالیسی کے تحت تقرر کردہ 59 مرد و خواتین کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔

اس دوران اتراکھنڈ سرکردہ کھلاڑی انکیتا دھیانی نے اپنی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھتے ہوئے 500 میٹر دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

قومی کھیلوں کے تمغوں کی فہرست میں، سروسز اسپورٹس کنٹرول بورڈ سب سے زیادہ 97 تمغوں کے ساتھ سرِ فہرست ہے، جس میں 54 سونے کے تمغے شامل ہیں۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......آسیہ

شکریہ - شبانہ

دارالحکومت دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات نے وزیر اعظم نریندر مودی کے فرانس-امریکہ دورے کی خبر کو اپنی شہہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے ہند-فرانس کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو فرو دینے پر زور۔ وہیں روزنامہ پرتاپ نے وزیر اعظم کے امریکہ کے دورے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس دورے کے دوران امیگریشن اور دفاعی تعلقات پر بات چیت کا امکان ہے۔ میکروں سے ملاقات اور دوطرفہ تعلقات اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نیا انکم ٹیکس بل آج پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے کی توقع کی خبر کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے طب یونانی پر بین الاقوامی کانفرنس میں صدر جمہوریہ کی شرکت کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ سی سی آر وی ایم اور ہمدرد کے درمیان مفاہمت نامہ پر دستخط۔

اور بین الاقوامی خبروں میں

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم خبر سعودی کابینہ کے حوالے سے ہے

فلسطینیوں کو جبری ہجرت سے متعلق اسرائیل کا بیان مسترد کیا۔

روزنامہ ملاپ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ڈنمارک کے ایک خود مختار جزیرے گرین لینڈ کو خریدنے کے منصوبے پر ڈنمارک کے ردّ عمل کی خبر کو شائع کیا ہے۔ "ٹرمپ گرینڈ لینڈ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ کیلی فورنیا ہمیں فروخت کر دیں"۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی اہم خبر ہے، میکسیکو میں ٹرک اور بس کے تصادم میں 38 افراد ہلاک ہو گئے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی، امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ باہمی بات چیت کے لیے واشنگٹن DC پہنچ گئے ہیں۔ بھارت امریکہ جامع عالمی اسٹرٹیجک شراکت داری ایجنڈے میں سر فہرست ہے۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین میں جاری جنگ پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے روس اور یوکرین کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

3- انکم ٹیکس بل 2025 آج لوک سبھا میں متعارف کیا جائے گا۔

4- آج ریڈیو کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

5- اور: قومی کھیلوں میں اترپردیش کے، سچن یادو نے مردوں کے نیزہ پھینکنے میں دس سالہ ریکارڈ توڑ دیا ہے۔

گجرات کے Kosambia نے ایروبک جمناسٹک میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔